جو پر سوارتھ کے کارج کا سدا بیڑا اُٹھاتے ہیں ۔ ۱۰

بھجن نمبر ۱۰۰

راگنی جوگیا ۔ تال تشول

اُبھیو ڈنڈی چھپے پاکھنڈی ڈرے ہیں گھمنڈی دھرت

وِدیا پاکر نکلا دواکر/تمر ہٹاکر جیوتی دکھائی - ۲
آئے ہیں سوامی دیانند نامی گرج سبھا میں سنگھ کی نیائی - ۳
ست کا منڈن دمبھ کا کھنڈن کرپاؤ نک کی دُھول اُڑائی - ۴
ٹرے ہیں پرمادی آن ایشور بادی پُورانک بن رام دوہائی - ۵
بڑے بڑے ناستک ہوکر آستک ہاتھ جوڑ آئے شرنائی - ۶
گرنشاستر اپنیہ رچ ستیارتھ ست اُپدیشوں کی دھوم مچائی - ۷
لوک لوکانتر مت متانتر کر نہ سکا کوئی اُن سے لڑائی - ۸
دیش دیشانتر دیپ دیپانتر مان چُکے اُن کی پنڈتائی - ۹
ویدوں کے بل سے بھگتی پربل سے کلجگ کی کایا پلٹائی - ۱۰
تپ اکھنڈ سے تیج پرچنڈ سے رپواں کی چھتیا دھڑکائی - ۱۱
یوگیندر مہرشی آتم درشی دِگوجے جن کے حصے میں آئی - ۱۲
امی چند ایسا ہونا کٹھن ہے دھرم آفتابی وید انوبائی - ۱۳
کشٹ اُٹھائے نہیں گھبرائے دھرم نہ ہارا یدی وِش کھائی - ۱۴

بھجن نمبر ۱۰۱

راگنی بھیروی۔تال تین

آریہ بھومی میں سماجک کلپ برکھش لگا گئے
اُچت وکتا ست وادی ست دھرم بتا گئے۔ ۱

ہو گئے تھے لوپ چاروں وید ہی اس دیش سے
کر کے دیشاٹن مہاشے اُن کو پھر پھیلا گئے۔ ۲

دیش ہتیشی وہ مہارشی دیانند سرسوتی
اپنے شبھ اُدیوگ سے وہ موکھش پد کو پا گئے۔ ۳

نیائے یُکتی ہے ٹپکتی اُن کے ست ستیارتھ سے
بھول نہ جائیو کداپی جو تمہیں سمجھا گئے۔ ۴

آج جو اُتسو ہُوا یہ اُن کا ہی اُپکار ہے
دُور دُور سے آریہ گن مل اس نگر میں آ گئے ۵

سینکڑوں وِدوان سوی جن اُن کی اُستت لکھ چکے

تجھ سے گاہک کتنے اہیں چند سرلشٹ بھجن سنا گئے۔

بھجن نمبر ۱۰۲

تال جھپ

اگر دیش ہتیشی ہمیں نہ جگاتا — دیش اُنتی کا کیسے دھیان آتا
اودیا کی نِدرا میں سوتا تھا بھارت — پرپکاری پھرتا تھا گھر گھر جگاتا
تپسّی پرتاپی بھارت کا بھانو — نہوتا پرگٹ کیسے اندھیرا جاتا
ہوتے کرانتی قرآنی بہت سے — بیدی وید ریتی پُتر نہ چلاتا
گئو کی بپد دیکھ بدھوا کا دُکھڑا — کہتا تھا ہا دیو ہا ہا بدھاتا
پرنشٹ نہوتی کبھی ماتری بھاشا — جو سنسکرت کی پھر رُچی نہ بڑھاتا
یہاں تھا کٹھن ویدوں کا بھاشن کرنا — اہو اُن کی بُدھی۔ اہو اُن کی گیاتا
کسکی تھی سامرتھ کسکو تھی شکتی — جو ایسے سمیں میں سماجیں بناتا
آگیا تھی اُن کو سرب شکتیمن کی — وہ اتیتھو آیا تھا بھسمی رماتا
سو دیش اور سوجاتی کی تھی کسکو بھگتی — چھوٹی سنکھیا کا جو نیم نہ نکھاتا

ہون میں نہ پڑتی سُگندھت سگری تو وائیو یہ کیسے سُگندھی اُڑاتا
اُٹھے نہ ہوتے جو وِدوان اتنے ہمیں گھر میں آ کون لکچر سناتا
بھلا کیسے ہوتی یہ پھولوں کی برشا کہو کیسے آتی اس اُتسو کی پرا تا
پری براجکاچاریہ سوامی دیانند پدھارا یہاں پرلوک ڈنکے بجاتا
امیں رش پہنیا کو لیشر کداچت نہ ست سنگ کرنا نہ ہرگُن کو گاتا
شُبھاگمن ہو تم سبے ہے مہاشے نمستے نمستے کریں آریہ بھراتا

بھجن نمبر ۱۰۳

راگ بُدھنس۔ تال تین

دَرد شا دیکھ کے بھارت بھومی کی۔ دیا سے کو دیا آئی
ایک مہرشی کو اُتپن کرکے ۔ دینی اُنہیں پربھو تائی
ویدک پُورن پنڈتائی ۔۱
دیا کے ساگر پرم اُدجاگر ۔ تُمرے رہنت اِت آسے
پرشرم کرکے اُپدیش دینا ۔ جس میں تھی دیش بھلائی

سناتن نیتی سکھائی ۔ ۲

سرب سو شکشِت بنکر بھکشک ۔ گرہ گرہ مانگن آئے ۔
رشی کے سمرپن ایشور ارپن ۔ بھکشا دیئو ہمیں بھائی
جو تم سے سر بن آئی ۔ ۳

ودّیا سے ہین ہوئے ہیں پرادھین ۔ جو جو تلبین کہلائیں
ویر وِرودھ پرسپر کرکے ۔ تیاگ دینی ایک نائی
اودیا گھر گھر چھائی ۔ ۴

اودار ہردے اور بڑے بڑے دانی ۔ بھارت کھنڈ نواسی ۔
تن من دھن نیوچھاور کرکے ۔ ہونگے اس کے سہائی
ہے اس میں ان کی بڑائی ۔ ۵

دھارمک رشیل سو شکشِت ۔ پنڈت ہوگی سنتان تمہاری
رشی کا سمارک چنہہ بنیگا ۔ ویدوں کی ہوگی پڑھائی
پرم پرا جو چلی آئی ۔ ۶

لاکھوں مندر دیش کے اندر ۔ دھنی پُرشوں نے بنائے

جہاں ودیالہ وید کی شالہ - اب تک کسے نہ بنائے -
رہی ہمیں سُدھ نہ کائے - ۷

جو ودیالہ نیت کردے - راجہ مہاراجہ ادھیراجہ
ایں چند بکرم بھوج سے کیرتی - ہووےگی اُس کی سوائے
کہے سب لوگ لوکائے - ۸

بھجن نمبر ۱۰۴

راگنی گاندھاری - تال تین

اودے بھیو ہے بھان بھارت میں اودے بھیو ہے بھان
چھپ گیا تمر دھرت کے نیچے نشٹ بھیو اگیان - ۱
نگر نگر اور گرام گرام میں گھر گھر سبھا سماج
گھور ندرا سے جاگ اُٹھے پریہ بھراتری گن ودوان - ۲
یوں دیش گئی یاونی بھاشا ماتری بھاشا کی لاگی آشا
اب ستکار کریگی میرا آریہ کی سنتان - ۳

دیش بھگت اور دیش ہتیشی رسک پرش متی مان
دیش اونت اور مدھر منوہر دیتے ہیں ودیا کھیان-۴
سنری شکھیا پھر ہوون لاگی بھارت بھومی تو بڑ بھاگی
کنیا ودھوا بھئی تیری سدھوا پا آور سنمان-۵
شلپ دویا بھلی بھانت وچارو لے اُپدیش ہردے میں دھارو
کل کوشل آدی رچو سُندر نبھ یانزا کے یان-۶
وید اُپ ویدوں کی پڑھو ودیا جس سے ناشیں سکل اودیا
سانچ جھوٹھ کا نرنہ کرلو چھوڑ ہٹھ ابھمان-۷
دھارمک شیل سوشکھشت پنڈت ابیں چند چتر سوجان
منھیا تیاگ کریں ست بھاشن چھوڑ لابھ اور ہان-۸

ویدک کالج کی اوشکتا پر ودیا کھیان-نمبر ۱۰۵
سہت سنگیت

ویدک ودیا کے بن کتنی ہے ہانی
بھارت کی سنتان ہوئی ہے اگیانی-۱

رہا نہ بھراتری بھاو پرسپر کی پریتی
آپس میں پڑی پھُوٹ بنے دشمن جانی ۔۲
رہا نہ دیش میں کچھ بھی ویدوں کا چرچا
رہی نہ مدھر منوہر منورنجن بانی ۔۳
ہائے شوک ہائے کشٹ ہے حیرت حیرانی
نیاگ وید کی ریتی چلائی من مانی ۔۴
کھیتی کی ددیا بن کتنا ہے گھاٹا
دیکھئے نرخ کے بیچ گرانی ارزانی ۔۵
بیج منتر گئے بھُول ہیں کھیتی باڑی کا
کیونکر کھاد بناویں کس بدھ دیں پانی ۔۶
دُور ہوئی اُپ جاد شکتی دھرتی کی
اب اُپجے اناج سیر جہاں نھا مانی ۔۷
سہن شیل جو شکتی تھی رہی نہیں کچھ باقی
کیوں ہم جو نہیں ہل کہلائیں دہقانی ۔۸

دل میں کیا وچار اب بھرتی ہونے کا
شاید نوکری کرتے رہ مل جائے کمیدانی۔ ۹

کرتے ہیں منظور اب پیشہ چاکری کا
چھوڑ چلے ہیں کھیتی گھر کی راج وصانی۔ ۱۰

مڈل تک نہیں پڑھے چلے ہیں نوکری کو
رسیکھ لئے دو شبد یہ گڈ بائی گڈ مارنی۔ ۱۱

ہاتھ چھڑی منہ چرٹ بوٹ ہے پیروں میں
پہن کوٹ پتلون صاحب بنے ابھمانی۔ ۱۲

کرتے ہیں تقلید پرنتو نہیں آتی
پتھر پڑے سمجھ پہ اُن کے آسمانی۔ ۱۳

بنے ہیں مرغی مینیجر جا کسی ہوٹل کے
خانساماں کے نیچے کرتے ہیں کپتانی۔ ۱۴

سرداری کی پدوی خدمت بھرا گری
یا مل گئی چپڑاس یا منصب دربانی۔ ۱۵

یا بنے خچر آدھیش یا مل گئی ساربانی
پھر قسمت کے بلی نوکر ہوئے سلطانی-۱۶
دیکھے یہ تجّار ہمارے مہاجن ہیں
اُنڈ دیش کے جانے میں سمجھے ہیں نقصانی-۱۷
نہیں بُدھی میں گیان تجارت کیسے ہو
اُمک دیش کی وستو اُمک میں لے جانی-۱۸
لاکھوں کا رکیا ٹنج ہزاری شاہ جی نے
ہوا نہ ہراپت لابھ برس میں آدھانی-۱۹
بھول گئے ہیں بولنا ماتری بھاشا کا
دوسری بھاشا آئے کیوں کر سمجھانی-۲۰
ہم تو نپٹ گنوار اناڑی انپڑھ ہیں
سوداگری کی بات کٹھن ہے بُھگتانی-۲۱
جن کے پتا پاتنجل گوتم آدی تھے
کھشٹ شاستروں کے کرتا رشی منی برہم گیانی-۲۲

اودے ہرنی ہیں جن کے بھیم۔ ارجن۔ درونا
شُور بیر رن بھٹ دھنش دھاری لاثانی۔۲۳
اسی بھُومی میں کیا کیا پنڈتا استری تھیں
گارگی۔ میتری۔ سیتا۔ لیلاوتی رانی۔۲۴
سیکھ گئے تھے جن سے چکتسا کی ریتی
حکمت کے حکماء۔ یونانی ایرانی۔۲۵
کیا ہے آج اوستھا دُرد شا اس گھر کی
ہے لجیا کی بات نراور اپکانی۔۲۶
سب اونتی کر رہے ہیں اپنے دیشوں کی
دیکھو انگلینڈ باسی دیکھو جاپانی۔۲۷
سنسکرت کے کالج بن گئے جرمن میں
شرم کی یہ تمثیل تھی تم کو دکھلانی۔۲۸
دیکھئے ایک نظیر اور علیگڑھ کالج کی

گر ہے آپ کو کچھ بھی قومی ہمدردی
یدی منظور ہے مُلکی ترقی کروانی۔ ۳۰
کلپ برکھش اور کام دھین یدی ہے کوئی
تو سُکھ سمپت کے داتا ودیا مہارانی۔ ۳۱
اشٹادش کروڑ ہند میں ہندو ہیں
کتنے کالج بن جائیں یدی کریں مہربانی۔ ۳۲
امتحان ہوتا ہے آج سخاوت کا
پیچھے نہ رہ جائیو یدی تم ہو دانی۔ ۳۳

بھجن نمبر ۱۰۶

ودیا پڑھاؤ جہاں تک ہو تم سے
بگڑی سُدھارو تمہاری سنتان ہے۔ ۱
بھارت پہ چھائی اماوس کی راتری

ودیا سے شوبھ ہے یہ بھومی ابھاگن
کرموں سے ہین ہے ذاتی ابھمان ہے - ۳
ودیشی بھی اُپ ہانسی کرتے ہیں سارے
انگلینڈ کے باسی نواسی جاپان ہے - ۴
کالے کی تم کو ملی ہے اوپادی
آریہ ورت سے بنا ہندوستان ہے - ۵
وحشی جو تھے آج ہیں وہ مہذب
ودیا ہی کیول فخر انگلستان ہے - ۶
یورپ کے ودوان کلا کو شلوں سے
بناتے ہیں ریل آدی نو رتن سمان ہے - ۷
اکاش پر رٹن کرنے کے ہیتھو رچا ہے
یتھچھا بیلون آدی بان ہے - ۸
بجلی کی تاروں سے لیتے ہیں کارج
نکالی ہے کل جس نے کیا بدھمان ہے - ۹

اِدھر ہند کا ہے رزاکھشر اچارج
مُردے کا لینا کفن تک کو دان ہے ۱۰
سنئے نوارن اب ہو ان سے کس کا
انپڑھ پروہت۔ پڑھا یجمان ہے۔ ۱۱
پڑھنا کٹھن کتنو بھکھیا سُگم ہے
نہیں لوگ لجّا نہیں ان میں آن ہے۔ ۱۲
کھتری بھی ہیں تو یہ کائر ہیں رن کے
نہ بھُج ڈنڈ بل ہے نہ استروں کا گیان ہے۔ ۱۳
پتا اور پتامہ جہاں رہبر جن کے
گُنتا نہیں ان سے چُوہے کا کان ہے۔ ۱۴
چوکے پہ اُنتری ہے بھارت کی ودیا
ناڑی تو دیکھو کہ کچھ باقی جان ہے۔ ۱۵
دھنونتری سا کہاں ہو چکتسک
کرے اوشدھی اور بتائے ندان ہے۔ ۱۶

کہاں تتو ویتا ہو سانکھی۔کپل جی
کہاں بادرائن جو بھارت کا مان ہے ۱۷
کہاں ہے وہ گوتم نیایک فلاسفر
کہتے تھے سب جس کو یُکتی ندھان ہے۔ ۱۸
کہاں ہے پاتنجلی مہیشر تمہارا
یوگ اور جہاں بھاش جس کا پردھان ہے ۱۹
کہاں جیمنی جی میمانسا کے کرتا
دھرموں کا تم کو سنائے ودھان ہے ۲۰
کہاں ہے کناد جی کا درشن وشیشک
نہیں کرتا اب اُن پہ کوئی بھی دھیان ہے ۲۱
بال میک اور کالیداس جی کہاں ہے
النکار جن کا جہاں رس کی کان ہے ۲۲
کہاں وشوکرما شلپ کار چاتُر
جن کی بناوٹ کا پُشپک ویمان ہے ۲۳

سودھرماں سبھا بھی بنائی تھی مے نے
ساکھی جو پوچھو تو بھارت پران ہے ۲۴
ایسے تو تھے پُورب پُرکھا تمہارے
تم سا نہیں آج مُورکھ نادان ہے ۲۵
اِودوان کا سارا جیون ہے نِشپھل
ایسے تو جیون سے مرنا پردھان ہے ۲۶
وِدیا سے بنتا ہے راجہ کا منتری
ودیا سے بنتا سبھا میں پردھان ہے ۲۷
وِدیا بِنا نر ہے بن چر کے سدرِش
وِدیا بِنا پُرش پشو کے سمان ہے ۲۸
ودیا گُپت دھن ہے چِھنتا نہیں ہے
نہ چوری کا ڈر ہے نہ اگنی سے ہان ہے ۲۹
وِدیا بِنا بِردھ بالک کے تُل ہے
بالک بھی ودوان بِردھ سے سوجان ہے ۳۰

چرنجیوی ہے نام ودود جنون کا
اس کے لئے کیسا کیسا پرمان ہے - ۳۱
شنکر اور دیا نند کی پانڈتتا کا
دیپ اور دیپانتر میں ودیا سے مان ہے ۳۲
اُن کے سودیشی تھے اور بھی تو کتنے
بتائے پتا کوئی نام و نشان ہے ۳۳
ودیا سے ہوتی ہے بُدھی کی بردھی
ودیا سے اکھشر آنند گیان ہے - ۳۴
ودیا سے ہوتا ہے سنتوش پراپت
ودیا سے گُنوں کا گورو مہان ہے - ۳۵
ودیا سے دھرم - دھرم سے ابھیپد
ودیا سے ملتا پرم برہم گیان ہے - ۳٦
سنکھیپ کرکے سُناتوں ابھی چند
تھوڑا سماں تیرا لمبا دکھیان ہے - ۳۷

بھجن نمبر ۱۰۷

اُن محبانِ وطن کو دیں مبارکباد ہم
پاتے ہیں ہر کام میں جن سے سدا امداد ہم - ۱
آپ کی دریا دلی پر بس ہمیں امید ہے
رکھینگے کالج کی اب تو جلد ہی بنیاد ہم - ۲
سارے ہی مشکور ہونگے دیش کے ودیارتھی
وید چاروں اور انگلش پڑھ کے ہونگے شاد ہم - ۳
علم سے ہوگی ہماری ویسی ہی عزّو قدر
جیسے تھے ملکوں میں پہلے ماسٹر و اُستاد ہم - ۴
اونتی دیشک سماجک ہے ہمیں مدِ نظر
علم و دولت سے کرینگے دیش کو آباد ہم - ۵
سیکھ کر کارگیری کو کام لینگے بھاپ سے
شلپ ودیا سے کرینگے نئی کلیں ایجاد ہم - ۶

جو نہ کرتا دیش میں اُپدیش ویدوں کا رشی
کر چکے ہوتے دھرم دھن کے مان کو برباد ہم ۷
پس ضروری ہے ہمیں کالج بنانا اے امیر
مٹ نہ جائے نام اُن کا جن کی ہیں اولاد ہم ۸

میوہ پھوٹ کی نندا میں گیت نمبر ۱۰۸

کھانا اسے مت سراسر ہے چھل — نا اتفاقی کا بیج ہے پھوٹ پھل
تنزل کے بوٹے کا ہے یہ ثمر — جو دیکھوگے اس کو ذرا غور کر
ویسے تو ہے یہ بڑا خوشنما — پر نتیجہ ہے اس کا بُرا
ہزاروں کے اِسنے اُجاڑے ہیں گھر — لاکھوں کے اِسنے کٹائے ہیں سر
لذت میں ہیں اسکی بغض و عناد — سمجھو اسے ٹھیک مبدا فساد
اِسی پُر جفا نے کیا ہے ستم — کہ بن کو گئے رام و لچھمن بہم
مِلا رام سے پھوٹ راون کا بھائی — اِسی پھوٹ نے ساری لنکا لُٹائی
کیرو پانڈوؤں کو اسی نے لڑایا — بھارت کو غارت ہے اِس نے کرایا

اکاش سے اِسنے ہے ہم کو گرایا — زمیں کو اُلٹ کر رساتل دکھایا
غزنی سے محمود اس نے بُلایا — یہی ہند میں غیر قوموں کو لایا
اسی کی بدولت تو ادبار آیا — یہی تو بلندی سے پستی میں لایا
اسی نے کیا سکھوں کا خاتمہ — میری توبہ توبہ اے پرماتما
وہ آپس میں کٹ کے لڑے زور زبر — جو کرتے تھے دشمن کو پل میں اسیر
مت اور متانتر کئے اسنے جاری — مذاہب میں ڈالی ہے اسنے خواری
ہندو مسلماں اسی نے لڑائے — مسجد و مندر اسی نے تڑائے
گیت اس کا گاکر سُنا تو امیر — نتیجہ نکالیں سبھاسد اخیر

بھجن نمبر ۱۰۹

راگنی بھیروی۔ تال تین

سدا خوشی ہو سدا ہو منگل — سدا ہو جلسہ یہ شادیانہ ۔۱
سدا ہو سُوشتی سدا ہو سانتی — سدا ہو سپھلا یہ یگ رچانا ۔۲
سدا ہو کیرتی سدا ہو [illegible] — ہے بال [illegible] ۳

سدا ہو تشٹی سدا ہو پشٹی   سدا ہو بل پراکرم بڑھانا ہم
سدا ہو آپس میں پریم پریتی   نستے کہہ کر کے۔ کر۔ ملانا ۔ ۵

بھجن نمبر ۱۱۰

راگنی گاندھاری۔ تال تین

دیو بدھو ایسی بن آئی   جن کی چھب ورنی نہیں جائی۔۱
گج گمنی کٹی کیہر رمنی   شوبھا مکھ دُتی چاند کی نیائی۔۲
مِرگ نینی کوکل پگ بینی   درپن دیکھ دیکھ مسکائی۔۳
امیں چند کر سنگار سہاگن   دولھا دُلہن کو پوجن آئی۔۴

بھجن نمبر ۱۱۱

راگ مالکونس۔ تال شول

من ہوا گیان اندری کے وش میں   گیان اندری وِشیّن کے وش میں۔۱
بلیشٹ کان ہوئے گن رس [illegible] نتتر بھئے [illegible] کی [illegible]۔۲

گھران اندری گندھ میں بندھ   نوچا رہی ہے کومل گھس میں ۔۳
بھانت بھانت کے بھوگ ہنتیجو   رسنا الجھ رہی کھٹ رس میں ۔۴

بھجن نمبر ۱۱۲

راگنی تال شول

اس نگر کے نو دروازے   دسواں اس میں گپت دوار ۔۱
اندر اس کے ہے اتی سُندر   انتہ کرن کے چار بازار ۔۲
پرتھم من ہے دوئی بدھی   ترتئی چت چوتھا ہنکار ۔۳
من کی منڈی میں تلے ہے سودا   جو جس کو ہووے درکار ۔۴
بدھی سے کرو مال پر یچھشنا   ہے یہ سار یا ہے اسار ۔۵
چت کے بھینتر سوچ کے دیکھو   ہے اپکار وا ہے اپکار ۔۶
دس اندری اس میں سوداگر   کرتے ہیں سدا بنج بیوپار ۔۷
اس بستی کے پانچ اچکے   مال کی گٹھڑی لیتے ہیں مار ۔۸
امی چند کھپ بچائے اپنی   رہنا ان سے بہت ہوشیار ۔۹

بھجن نمبر ۱۱۳

ذرا کان دھر کے ادھر دھیان دیجیے
تھوڑا سمے مجھ کو ور دان کیجیے - ۱
پُتروں سے کرتے ہو تم پریم پربتی
پُتری سے کرتے ہو ایسی انیتی - ۲
بہن ہے نرا کھشر بی اے ایم اے بھائی
تمسا آہو اور کون ہے انیائی - ۳
ستری پُرش کا سناتن ہے جوڑا
سارا اتش شاستروں کا ہم نے نچوڑا - ۴
ستری پُرش دونو ہیں ساتھی سنگی
ستری بنی پُرش کی اردھ انگی - ۵
دونو ہی کرتے تھے ودیا اُپارجن
دونو ہی کرتے تھے یگ اور یاجن - ۶

پہلے تو سب ستری ودیا وتی تھیں
جیسے مہارانی لیلاوتی تھیں ۔ ۷
اب ساری انپڑھ ہیں بھارت کی ناری
اٹھ آیو بگڑی دشا ہے ہماری ۔ ۸
بھارت دشا آپ نے ہے بگاڑی ۔
چلتی نہیں ایک پہیے کی گاڑی ۔ ۹
پُتری پڑھاؤ اسی پر ہے نر بھر
بنیگی تمہارے یہ گھر کی گورنر ۔ ۱۰
گرہستی کا گھر ایک ہے راج دھانی
جس میں کرے راج گرہستی کی رانی ۔ ۱۱
پڑتا ہے اس کے گلے کام بھاری
سناؤنگا آگے سنو بار و باری ۔ ۱۲
پرتھمے نیایادھیش اربھات ستری گھر میں مجسٹریٹ کا کام کرتی ہے
کسی کال میں یہ کرے ہے عدالت

کسی کال میں یہ کرے ہے وکالت۔۱۳

بچوں میں ہوتی ہے جب کہ لڑائی
کرے فیصلے اُن کے گھر بیچ مائی۔۱۴
کرا دیتی ہے ایک پل میں صفائی
نہیں رہتی من میں کسی کے بُرائی۔۱۵
کسی کو دے دھمکی کسی کو دے گاری
مٹا دیتی ہے ساری ہی فوجداری۔۱۶

اسکے پشچات یہ گرہیشوری گرہ میں دیوانی کا کام کرتی ہے

دیوانی کے کرتی ہے ایسے یہہ کارج
جیسے کہ جج لیتا ہے اپنا چارج۔۱۷
باہر سے کوئی وستو جب گھر میں آوے
حصے کے انوسار سب کو دلاوے۔۱۸
نہ حصہ گھٹائے نہ حصہ بڑھائے۔
دونو کا اس [illegible] ۱۹

نیائے تُلا پر مقدمے کو تولے ۔
دونو دِھروں سے نہ کوئی بھی بولے ۲۰
کبھی اس کو وکیل کا کام کرنا پڑتا ہے
پِتا پُتّر میں جبکہ ہوتی ہے اَن بَن
منانے میں اُن کے لگاتی ہے تن من-۲۱
جس میں وہ ہو جائیں آپس میں راضی
سوامی کی کرتی ہے منّت محتاجی-۲۲
مٹا دیتی ہے اُن کے دل کی ملالت
پِتا پُتّر کے بیچ کرکے وکالت -۲۳
کرے ہے مروت سدا مادرانہ
نہیں مانگتی ان سے کچھ محنتانہ-۲۴

اعلیٰ افسر مال کا کام

دھن دھان گھر کا ہے اس کے حوالے
نِکھے کو دیکھے اور جانچے پڑتالے - ۲۵

کم خرچ کرنے کے سوچے ہے چالے
روپیہ بڑھانے کے کئی ڈھنگ نکالے-۲۶
کوڑی کوڑی جوڑے روپیہ بنائے
جس ہیتو سے مایا بڑھتی ہی جائے-۲۷
نہیں گھٹنے دیتی خزانے سے تل بھر
مانو ہے گھر میں فنانشل کمشنر-۲۸

افسر کمسٹریٹ کا کام

غلّے کے رکھتی ہے انبار بھر کر
گویا گوداموں میں جنرل ہے افسر-۲۹
سودا منگا کر کرے ہے کمیٹی -
بلا نوکروں کو بٹھا- بیٹا بیٹی - ۳۰
یہ سودا ہے اچھا یا ہے مال کھوٹا
بتا دیجے اس کا نفع گھاٹا ٹوٹا-۳۱
گداموں میں دیکھو رسد سب بھرا ہے

گھی - دال - چاول - آٹا کھرا ہے - ۳۲
بستروں کی ایسی بناتی ہے بردی
ہٹا دیتی ہے جس میں گرمی و سردی - ۳۳

شلپ کاری

عمارت کا گھر بیٹھ نقشہ بنائے
خاوند کو لے ساتھ موقع دکھائے - ۳۴
یہاں ہووے چولھا یہاں ہووے چوکا
غسل خانہ پاخانہ ہووے بموقعہ - ۳۵
یہاں پر ہوا دار کمرہ بنائے -
یہاں پھولوں کے بیل بوٹے لگائے ۳۶
پکّی عمارت ہو انگن کشادہ -
آرام پانے کا گر ہو ارادہ - ۳۷
کاریگری میں یہ ہے ایسی چاتر -
نہیں تُل اس کے کوئی پارکھ شاستر - ۳۸

چکتسک

پڑتی ہے جب گھر میں آکر بیماری
ڈاکٹر کے سدرش یہ کرتی ہے کاری۔ ۳۹
بچّے کو کہتی ہے دونگی مٹھائی
اگر تو نے پی لی یہ کوڑی دوائی۔ ۴۰
ڈریسی کرے اور نہلاوے دھلائے
نانا پرکاروں کی اوشد بنلائے۔ ۴۱
کرتی نہیں ایک رتّی بھر گلانی
کرے ہے کارج جیوں کرے مہترانی۔ ۴۲
کرے پھُنسی پھوڑوں کی ایسی دوائی
بنا مرہم پٹّی کے جھٹ ہو صفائی۔ ۴۳

ادھیاپکا

ماتا ادھیاپک ہے ماتا اچارج
ماتا بناتی ہے سنتان آرج۔ ۴۴

ماتا ہی دیتی ہے بچّوں کو سکھشا
ماتا ہی لیتی ہے ان کی پریکھشا۔ ۴۵
ماتا اشکھشت کا بیٹا شکھشت
ماتا سوشکھشت کا بیٹا سوشکھشت۔ ۴۶
ماتا سوشیلا تو بیٹا سوشیل۔
ماتا چنچلا تو بیٹا چنچل۔ ۴۷
ماتا پر پوت ہے پتا پر ہے گھوڑا
بہت نہ ہو تو بھی ہو تھوڑا تھوڑا۔ ۴۸

پاچک

بھوجن بنانے میں کرے سادھانی
یہ ساکھشات آن پورنا بھوانی۔ ۴۹
سب کی یہ کرتی ہے سیوا شسروشا
نہیں رہنے دیتی کسی کو بھی بھوکا۔ ۵۰
یہ ہے جگت جننی یہ ہے جگ ماتا

کرو اس کا پوجن منو نے بتایا - ۵۱

ماتا سے پیدا ہوئے ہیں مہرشی

ماتا سے پیدا ہوئے تت درشی - ۵۲

استری گرہاشرم کے نیموں کو پالے

ستری گھر بھر کے کارج سنبھالے - ۵۳

نہیں تُھی اس کے کوئی کرم چاری

نہیں تُل اس کے کوئی آگیا کاری - ۵۴

اتیہاس دیکھو کہ کیسی تھی سنیا

گارگی نے کتنی سبھاؤں کو جیتا - ۵۵

منڈن کی استری وہ ودیا دہری تھی

شنکر کی مدہ ہستی جس نے کری تھی - ۵۶

مندالسا کی سنو بُدھی مانی -

پُتروں کو جس نے کیا برھم گیانی - ۵۷

دمینتی ہیں دیکھو ودیا کا بل -

ڈھونڈا تھا کس بل سے جھٹ راجہ نل-۵۸
کیا کیا تھی ودوان بھارت کی ناری
پیا کی پیاری پتا کی دولاری-۵۹
سنتان اپنی سُدھاری جو چاہو
تو سارے ہی تم اپنی پُتری پڑھاؤ-۶۰
بنا دیجے کالج بنا دیجے شالا
جس میں پڑھیں ساری بھارت کی بالا-۶۱
کنیا کو جب تم پڑھاؤگے ودیا
چلی جائیگی تب یہاں سے اودیا-۶۲

پُتر کے جنم اُتسو کا گیت نمبر

راگنی رام کلی تال جھپ

آنند سے آج گاؤں ودھائی ایشور نے من اچھا
پوری کرائی-۱

دُنیا کا چاند پڑا میری جھولی - جس کا ستارہ ہے
سورج کی نیائی - ۲
برہم چرج آشرم کو پورن کریگا - ودیا کی پوری
کریگا پڑھائی - ۳
گرہ آشرم میں اپارجن کریگا - دِنوں دن بڑھائیگا
کیرتی سوائی - ۴
کرتب اپنے سے پراپت کریگا - سنکار آدر صدا
یش بڑھائی - ۵
جس کُل میں جنمے پُتر ایسو امیب چند - دھن ہے پِتا
اس کا دھن دھن مائی - ۶

بھجن نمبر

راگ بھیروی

یہ اُتسو تمکو سالانہ سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو

مہاسجنوں کا بلوانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۱

ہوئی آریہ دھرم کی رکھشا تمہارے ست اُپدیشوں سے
پھسل کر پاؤں جم جانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۲

ہزاروں کو بہکا لینے مسلمان اور عیسائی
اُنہیں کا پیچھا دکھلانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۳

چھُڑایا بال ودھوا کو جو روتی اور سسکتی تھی
بدھک سے گئو کا چھُڑوانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۴

جو سنتانوں کا روکا ہے لڑکپن میں بواہ کرنا
بُڈھی ہل آیو بڑھ جانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۵

اناتھوں کو جو دیتے ہو اناتھ آلہ کے چندے میں
پڑھانا، کھانا کھلوانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۶

بنی جو بالہ شالہ ہے یہ پھل ہے تمرے پریشرم کا
پُتر ودیا کا پھیلانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۷

جو ماسک چندہ دیتے ہیں سنا نشن اپنی کمائی کا

اُنہیں کو آریہ کہلانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۸
کٹی بدھ ہو کے ڈٹ جاؤ دکھاؤ اپنے کرتب کو
ویدک کالج کا بنوانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۹
بہادر دیش ویشوں میں جسے آریہ ورت کہتے ہیں
یہ ہمت تم کو مردانہ سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۱۰
پرتھم ہؤا ہوم منتروں سے ہوئی پھر دھرم کی چرچا
پرمیشور کا گُن گانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۱۱
امیں چند برشٹی امرت کی ہوئی ہے آج مندر میں
خوشی کے پھول برسانا سدا شبھ ہو سدا شبھ ہو - ۱۲

بھجن نمبر

راگ تال جھپ

نوتن مندر کا نمہیں شبھ پرویش ہو
چر بنی رہے دھرم اور دھن و شانتی ہو

ویدک دھرم کا جو چمکا ہے تارا
پھیلائیگا جوتی یہ ایک دن ذیشن ہو-۲
اتساہی-ادیوگی رہیو سبھاسد
جس سے یہ پورا تمہارا اودیش ہو-۳
جن کو بھروسا ہے بھارا ایں چند
کیونکر سہایک نہ اُن کا وشویش ہو-۴

بھجن نمبر

راگنی اور تال پوربوکت

کرساں میں ہار شنگار جس وچ پیا میرے بس آوے
میرے پران آدھار-۱
نی سیّو جس بھوشن وچ ہووے نہ دوشن سو میرے
درکار-۲
نہ اوہ ٹُٹّے نہ گھس جائے نہ لگے چور چکار-۳

نی سیّو بھٹھ پوے اوہ سونا چاندی جو لگے کنّاں
نوں بھار ۔ ۴
نی سیّو گجریاں بنگاں ہتھیں ہُن سنگاں کچّا کچ اُتار۔
نی سیّو ۔ ۵
اننت کُھمّہ ہے گہنا نکمّا ایہ سودا منیار۔ نی سیّو۔۶
نہ دھن رہسی نہ دھن والیاں ایہ جوبن دِن چار۔
نی سیّو ۔ ۷
پریم دی مالا نام دا نامہ پاؤ نی گل وِچ ہار۔
نی سیّو ۔ ۸
وان اننت دھرم دا دھاگا دھرمڑا دھرم پرچار۔
نی سیّو ۔ ۹
چرچا چُوڑا کرنی کنگن آرسی تت وچار ۔ نی
سیّو ۔ ۱۰
دیا دی داؤنی جُھمکے کھِشماں والے ٹِکّا پرم پکار۔ نی

سیّو - ۱۱
شُبھ لکھشن دی لچھّی اچھّی بانکا پیا دا پیار - نی
سیّو - ۱۲
پاوانگی چھلّے میں زر چھلّے رکھساں پیر سدھار -
نی سیّو - ۱۳
سُن نہ سکے میری سَوکن ویرن جھانجر دا چھنکار -
نی سیّو - ۱۴
لونگ بُلاک ہے نتھ خاوند ہتھ چُٹکی دا چمکار -
نی سیّو - ۱۵
چونک چونپ سُچّا پُھل بھگتی گہنا ہے قیمت دار -
نی سیّو - ۱۶
بندی بندناں کر سوامی کی گیان ہے کجلا دھار -
نی سیّو - ۱۷
درشن پاواں خوشیاں مناواں تن من دیواں

وارنے نی بیتو - ۱۸
امیر پرپتم نوں ہیں وس کرساں دیسی پل وچ تار
نی سیو - ۱۹

بھجن نمبر

راگ بلاول۔ تال تین

بنرا بنری بیاہن آیا
دھنّ بھاگ دُلھن لاڈلی کے۔ سُگھڑ چتُر در پایا - ۱
موہنی مورت مدھری سبی صورت۔ روپ جوبن من بھایا - ۲
اُتم کُل اُتم ونشاولی - ایک سے ایک سوایا - ۳
امیں چند چر جیوے یہ جوڑی - بدھ نے جوڑ بنایا - ۴

بھجن نمبر

راگنی - گندھاری تال تین

آج شگن منائیں گھر کے - سدا سُہاگ رہے بنری کو
مہا بھاگ ہوں اِس وَر وَر کے - ۱

دولھا کو دولھن ہو پیاری - کل ونتی بھرتا ہتکاری
ہو پت رانی اندرانی سم پُتر پوتر کی پھلواڑی
رکمن ستیا سی ستونتی - کہیں یہ لوگ نگر کے گھر کے - ۲

سگرے نگر کی لوگ لوگائی - دیت مبارک لاکھ بدھائی
بھاٹ پروہت کرت بڑائی - ہو دولھا تیری سپھل کمائی
لاگی لے کیسر کو چھڑکت - سونن کٹورے بھر بھر کے - ۳

سُرنائی ڈپھ ڈھول نگارے - باجت نرسی سُر اونچا پکارے
شوہ آیا آج میرے دوارے - میں اُس کے صدقے بلہارے
امر جنم ... دوارے نیارے ... پیا بک دھر دھر کے - ۴

بھجن نمبر

راگنی بھیروی تال تین

جہاں دیکھو وہاں پر ہی نشاں آنسو کے پاتے ہیں
سبھا سد چاند کے سدرش پربھا اپنی دکھاتے ہیں۔ ۱
گڑے ہیں کیلوں کے تھمبے لگے ہیں بیل اور بوٹے
خوشی کے بیچ پھول ان کے نہیں پھولے سماتے ہیں۔ ۲
لگی خوش کانوں کے اندر صدا پیاری نمستے کی
اسے سن ہرش بڑھتا ہے کہ آریہ بھائی آتے ہیں۔ ۳
ہر اک کو بھاو بھگتی سے نمستے کر بلاتے ہیں
بڑے ستکار آدر سے فرش پر لا بٹھاتے ہیں۔ ۴
اُپاسک پریمی انوراگی مگن ہو دھیان ایشور میں
پربھو پوجا میں چت برتی جما آسن لگاتے ہیں۔ ۵
سُنا کر شام کا گانا سبھا کا دل لبھاتے ہیں

مانو من موہنی بنسی اُدھر دھر کے بجاتے ہیں - ۶

آرتی نمبر

جے جگدیش ہرے - بھگت جنن کے سنکٹ چھن میں
دور کرے - ۱
جو دھیاوے پھل پاوے دُکھ بنشے من کا - سُکھ سمپتی
گھر آوے کشٹ مٹے تن کا - ۲
مات پتا تم میرے شرن گہوں کس کی - تم بن اور نہ دُوجا
آس کروں جس کی - ۳
تم پورن پرماتم تم انتریامی - پرم برہم پرمیشور تم سب
کے سوامی - ۴
تم کرونا کے ساگر تم پالن کرتا - میں مورکھ کھل کامی
کرپا کرو بھرتا - ۵
تم ہو ایک اگوچر سب کے پران پتی - کس بدھ ملوں

گوسائیں تم کو بن کو متی - ۶

دینا بندھو دکھ ہرتا تم ٹھاکر میرے - اپنے ہاتھ اٹھاؤں دوار پڑوں تیرے - ۷

وِشئے وکار مٹاؤ پاپ ہرو دیوا - شردھا بھگتی بڑھاؤ سنتن کی سیوا - ۸

آرتی نمبر

جے دیو جے دیو - جے تربھون کرتا - سب کے آشرے داتا بھے سنگٹ ہرتا - ۱

جڑ چیتن سب جیتی جہاں تو گاویں - راجا پرجا سب ہی تجھ کو سرناویں - ۲

اٹل تمہاری کرونا برنی نہیں جائی - منگل کیرتی تمہاری گگن گگن چھائی - ۳

نم چیتن پرمیشور تم پری پورن سوامی - پُن پاپ

سورج کو دی تو نے چمک ۔ بجلی نے ۱۱

کوئی نہیں تجھ سے ادھک ۔ تو سرب شکتی مان ہی سنوارو ۲

تیرا رچا سنسار ہے ۔ سب کچھ تیرے

نہیں کچھ تجھے درکار ہے ۔ تو سرب شکتی مان ہے ۴

تو ہے اگوچر اور اگم ۔ آکاش سے بھی سوکھشم

ہوتا نہیں تیرا جنم ۔ تو سرب شکتی مان ہے

تو ہے امرتیو اور امر ۔ ہے سرب ویاپک اور اجر

ہے سب کی تو خبر ۔ تو سرب شکتی مان ہے

[illegible] ۔ تجھ میں نہیں نادانی ہے

[illegible] ۔ [illegible] مان ہے

ओ३म्

(॥ तत्सत् ॥)

حسب فرمائش لائبریرین آریہ سماج لاہور

مطبوعہ مفید عام پریس لاہور

قیمت ۱/ ۔ دفعہ اول ۔ تعداد جلد

گوسائیں تم کو ہیں کومتی ۔ ۶

دینا بندھو دکھ ہرتا تم ٹھاکر میرے ۔ اپنے ہاتھ اٹھاؤں دوار پڑوں تیرے ۔ ۷

وِشے وکار مٹاؤ پاپ ہرو دیوا ۔ شردھا بھگتی بڑھاؤ سنتن کی سیوا ۔ ۸

آرتی نمبر

سورج کو دی تو نے چمک بجلی نے

کوئی نہیں تجھ سے ادھک ۔ تو سرب شکتی ہی سنوارو ۲۰۰

تیرا رچا سنسار ہے سب کچھ تیرے

نہیں کچھ تجھے درکار ہے تو سرب شکتی مان ہے

تو ہے اگوچر اور اگم آکاش سے بھی سوکھشم

ہوتا نہیں تیرا جنم تو سرب شکتی مان ہے

تو ہے امرتیو اور امر ہے سرب ویاپک اور اجر

ہے ۔ کی تو خبر تو سرب شکتی مان ہے

ہو اُجالا سب ... تجھ میں نہیں نادانی ہے

اور اندھیرا دُور سارا ہو ... مان ہے

کھوٹے کرموں سے بچیں سب تیرے گن گاویں سبھی

چھوٹ جاویں دُکھ سارے سُکھ سدا پاویں سبھی

ساری وِدّیاؤں کو سیکھیں گیان سے بھرپور ہوں

شُبھ کرم میں ہو ویں تتپر دُشٹ گن سب دور ہوں

یگ ہون سے سگندھت اپنا بھارت ورت دیش

گوسائیں تم کو ہیں کومتی - ۶
دینا بندھو دُکھ ہرتا تم ٹھاکر میرے - اپنے ہاتھ اٹھاؤں
دوار پڑوں تیرے - ۷
وِشے وکار مٹاؤ پاپ ہرو دیوا - شردھا بھگتی بڑھاؤ
سنتن کی سیوا - ۸

آرتی نمبر

بیان سے

جے دیو جے دیو - جے تربھون کو اس کا بھگتی دان سے
بھجے سنگھ

بھجن نمبر ۲

راگنی بھیروی - تال مغلئی

جس من میں سچّا گیان ہے جو نشچے بدھی مان ہے
نِراہی کرتا دھیان ہے تو سرب شکتی مان ہے

سورج کو دی تو نے چمک　　بجلی نے

کوئی نہیں تجھ سے ادھک　　تو سرب شن ہی سنوارو ۲

ترا رچا سنسار ہے　　سب کچھ تیرے

نہیں کچھ تجھے درکار ہے　　تو سرب شکتی مان ہے

تو ہے اگوچر اور اگم　　آکاش سے بھی سوکھشم

ہوتا نہیں تیرا جنم　　تو سرب شکتی مان ہے

تو ہے امرتتو اور امر　　ہے سرب ویاپک اور اجر

رکھتا ہے سب کی تو خبر　　تو سرب شکتی مان ہے

نہیں تو کبھی اجھانی ہے　　تجھ میں نہیں نادانی ہے

بھکشک ہیں ہم تو دانی ہے　　تو سرب شکتی مان ہے

تو نے جگت اُتپن کیا　　بھگتوں کے دُکھ کو ہر لیا

سب کچھ ہمیں تو نے دیا　　تو سرب شکتی مان ہے

تو نے رچا چرخ بریں　　تیرا ہی ہے فرشِ زمیں

تیری کوئی اُپماں نہیں　　تو سرب شکتی مان ہے

گوسائیں تم کو سب سے جدا — نیارا بھی ہے اور رل رہا
دینا بندھو کیا پتا — تو سرب شکتی مان ہے
دوا، لگایا تجھ سے من — آنند ہے وہ اور مگن
تو سرب شکتی مان ہے
دے گیان کا مجھ کو بھی دھن — رکھتا ہے سب پر تو دیا
ہے سب سے تیری سترتا — تو سرب شکتی مان ہے
جو یوگیہ تھا سب کو دیا — سوامی رہے یہ مجھ کو ور
کیول کہے کر جوڑ کر — تو سرب شکتی مان ہے
من میرا ہو ودیا کا گھر

بھجن نمبر ۳

راگ ٹوڈی۔جون پوری۔تال جھپ

ہے پتت پاون۔ہے دکھ نوارن
دکھ روپ ساگر سے۔تینگھر پار اتارو۔۱
رکھیو گا میری لاج۔بگڑے ہوئے سارے کاج

کرپا کی درِشٹی سے۔آپ ہی سنوارو۔۲

ہِردا شُدھ میرا کرو۔دُشٹ بُدھی میری ہرو

کام کرودھ لوبھ موہ۔چاروں شترُو مارو۔۴

دور ہووے اہنکار۔رہتر رہے پر اُپکار

من میں سے بھگتی بھاؤ۔میرے نہ وسارو۔۵

شانت چت کیول ہو۔من بُدھی نرمل ہو

جو ہیں کلیش۔ ابھی دیش آوے ٹارو۔۶

بھجن نمبر ۴

راگنی کلیان۔ تال چار

نیا سہت دیا ونت	آد رہت اور اننت
ترلوک کے پتی ہا	کرتے ہیں تیرا دھیان
پاتے ہیں مان دان	سب یوگی اور جتی ہا
دین بندھو دینا ناتھ	کیول کے جوڑ ہاتھ

دو من کو شانتی ہے   چھوٹ جاوے راگ دویش
جائیں مٹ دکھ کلیش   ہو دور درمتی ہے

بھجن نمبر ۵

راگنی جے جے ونتی۔ تال جھپ

نمو وید ودّیا کے پرکاش کرتا   نمسکار اگیان کے ناش کرتا
نمسکار بدھی کے دینے والے   نمسکار دکھوں کے ہر لینے والے
نمستے نرنجن اودّیا وناشک   نمو سچدانند گھٹ گھٹ میں ویاپک
نمستے نراکار نر دوش نایک   نمستے پرم متر سب کے سہایک
نراکار نردیو مکتی کے داتا   تمہیں ہے نمسکار سائنگ پرانا
نمو نارڈی اور نس کے بندھن سے باہر   نمو سرو آدھار کرپا کے ساگر
یہ ہے مانگنا آپ کا داس کیول   کہ شدھی ہو ہردے میں بدھی ہو نرمل
رہے آپکا چت میں نت سمرن   رہوں کرتا وید وکت کریا کا سیون

بھجن نمبر ۶

راگنی جے جے ونتی۔ تال چنچل و دھمال وجھپ

مُنشوں کے کرموں کا پھل دینے والا — وہ نربل کو کرپا سے بل دینے والا
سکل وشو دھار وِدّیا ودھایک — دیا وان سُکھ روپ سب کا سہایک
نہیں اُس کا آکار اور انگ کوئی — نہیں روپ پا ہے سکا اور رنگ کوئی
دیامے دیا روپ کرپا کا سندھو — وہ سب کا پِتا ماتا سب کا ہے بندھو
وہ وِدّیا کے سورج کا پرکاش کرتا — اوِدّیا کے اندھیر کا ناش کرتا
وہ بندھن سے رگ اور تِشنو کے جدا ہے — اُسی کا کٹھن وقت میں آسرا ہے
یہ ہے پرارتھنا اُسکی بھگتی کو پاؤں — میں سُکھ روپ ساگر میں نِشدن نہاؤں
مجھے اُسکی بھگتی کا دھن ہاتھ آوے — بُرائی کبھی پاس آنے نہ پاوے

رہوں سرمدا کھوٹے کرموں سے نیارا
اُسی کا رہے مجھ کو کیول سہارا

بھجن نمبر ۷

راگ بلاول ۔ تال چار

آیا ہے سمے کٹھن　　من میں ہے بُری لگن

اہنکار پیچھے لگا شترو بڑا بھارا ہے ۔ ۱

من میں اگیان چھایا　　کرودھ نے ہے دبایا

وپتا کے ساگر بیچ بیڑا اب ہمارا ہے ۔ ۲

جاتا نہیں راگ دویش　　رہتا ہے بہت کلیش

سنکٹ ہے بھاری لیا آشرا تمہارا ہے ۔ ۳

پربھو جی جگت پال　　حال میرا ہے مدھال

کیجئے گا کرپا کیول آپ کا سہارا ہے ۔ ۴

بھجن نمبر ۸

راگنی جے جے ونتی ۔ تال جھپ

دیا کی درشٹی کرو مجھ پہ بھگون ۔

یہ تن من میرا آپ کے ہووے ارپن-۱

بنے آپ کے گیان کا گھر میرا من

پریم آپ کا میرے من میں ہو پورن-۲

تمہاری ہی بھگتی کا نشدن ہو سیون

نچھاور رہے آپ پر جان اور تن-۳

رہے من لگا آپ ہی کی لگن میں

نہ اچھیا کوئی اور پیدا ہو من میں-۴

نہ سندھیا کا اک وقت بھی تیاگ ہووے

میرے من میں اُتپن ویراگ ہووے-۵

رہے کھوٹے کرموں سے من میرا پرتھک

انوگرہ سدا آپ کا ہو سہایک-۶

میرے ہردے میں گیان پرکاش ہووے

اودیا کا اگیان کا ناش ہووے-۷

سدا وید انکول چال وچلن ہو

نہ شُبھ کام میں کوئی پیدا وِگھن ہو۔ ۸

رہے ست پُرشوں کو مجھ پر پریتی
سدا دُور ہووے کو سنگت کونیتی ۔ ۹

وِشے بھوگ کا دھیان من میں نہ آوے
نہ لوبھ اور اہنکار آکر ستاوے ۔ ۱۰

میرے من کو ستیاچرن میں رُچی ہو
تمہاری ہی لو من میں کیول لگی ہو۔ ۱۱

بھجن نمبر ۹

راگنی بروا۔ تال تین

ٹیک۔ دیجے دیجے پربھو مجھے بل بُدھی
ہاتھ جوڑ بنتی کروں سنئے دینِدیال
تم لگ میری دوڑ ہے تم ہی ہو رکھوال ۔ ۱
آپ کی بھگتی پریم سے من ہووے بھرپور

راگ دُوئیش سے چِت میرا کوسوں بھاگے دور - ۲
اتی انوگرہ کیجیئے سیوک اپنا جان
اپنی بھگتی کا مجھے شیگھر دیجئے دان - ۳
ہردے میں میرے رات دن رہے پرکاشت گیان
ہر بھگتوں کے بیچ میں میرا ہووے مان - ۴
کپٹ دمبھ میرے چِت کے کبھی نہ آوے پاس
دھیان آپ کا رات دن من میں کرے نواس - ۵
نت شُدھ اور بُدھ ہو جگت کے ہو کرتار
نمسکار ہے آپ کو میرا بارم بار - ۶
وِنے کروں ہوں آپ سے جوڑ کے دونو ہاتھ
رکھیئے لاج کرپال ہو شرن آیا ہوں ناتھ - ۷
کیول پورن گیان کا گھر من میں ہو جاے
گھٹ گھٹ ویاپک برھم کی نِشدن رہے سہاے - ۸
دیجئے دیجئے پربھو مجھے بل بُدھی

بھجن نمبر ۱۰

راگ بدھنس۔ تال تین

پرم سہایک جگت کے سوامی سب کے من کے انتریامی
نیا میری ڈانواں ڈول ہو آن پڑی منجھ دھار
تم ہی لگاؤ پار
کچھ نہیں مجھ سے اب بن آتا بیچ بھنور کے غوطے کھاتا
ڈوبا جاتا ہوں مجھے بچاؤ کرپا کا ہاتھ پسار
ہے پری بھو کرتار
آندھی چلتی رات اندھیاری جل میں اُٹھیں ترنگیں بھاری
ڈُبکی لیتا بہا جات ہوں سوجھت پار نہ وار
ہیں آپ ہی راکھن ہار
نیایا دھیش اور وِدّیا دھاری پکڑی ہے اب شرن تمہاری
دیا درشٹی کرکے مجھ پر سنئے کوک پکار

دو بگڑے کام سنوار

ہے ابناشی جگت کے کرتا   کٹھن سمے میں سنگٹ ہرتا
بھول کی ہے بھی یاچنا   آپ سے بارم بار
بھوساگر دو تار

بھجن نمبر ۱۱

راگ بھیروی۔ تال جھپ

جگت پتی جگدادی کارن   روگ وناشک دُشٹ پرمارن
منگل مے اور منگل کرتا   دُکھ نوارن سنگٹ ہرتا
اگم اگوچر اپرم پارا   آد انت نہیں ملے تمہارا
سروانند پرد سُکھ دایک   سروادھار نرنجن نایک
دینڈیال اور نیایا دھیش   نروکار سب جگت کے ایش
پکشپات سے رہت انوپم   سب کا کارن سب سے اُتم
مہابلی پرشارتھ پرایک   سنتنی پالک پرم سہایک

ست چت آنند سروپ اجر امر اور ابھے اروپ
سب سے اُتّم سروادھار مہان تیری اپرم پار
سب کے منتر جگت کے سوامی گھٹ گھٹ ویاپک انتریامی
نیاء بُھگت سکھ دیجے ہم کو اپنی شرن میں لیجے ہم کو
دُشٹ گنوں کا کیجے ناش گیان کا ہو من میں پرکاش
نرمل بُدھی کرو ہماری مُورکھتائی ہرو ہماری
بھوساگر سے پار اُتارو کرودھ آدی شتروؤں کو مارو
کیول وِنئے کرے دن راتا جیون مُکتی دیجے داتا

بھجن نمبر ۱۲

راگ آسا۔ تال ۳

ہمیں دان گیان کا دو پربھو ہمیں اپنی شرن میں لو پربھو
رہوں دُشٹ گنوں سے میں نیارا ست شیل منشوں کا پیارا
من میرا تیری شرناگت ہو میرے ہردے میں گیان پرکاشت ہو
کروں یوگ کا سادھن ہوں یوگی ہو اُنتہ کا گیان نہ ہوں روگی

مجھے لوبھ موہ سے ہو دُوری   شُبھ اچھیا میری ہوں پوری
ہو اوم وچار ایکانتی میں   ہوں پران اپان بھی شانتی میں
ہیں نیتر گیان کے کھُل جاویں   میرے پاپ میل سب دُھل جاویں
سب اپنے سبھا سد گیانی ہوں۔   ہر سرشٹ سبھا میں مانی ہوں
اور ان میں پرشیسر ہو پربتی   پرچلت وید کی ہو ریتی
سب وید انوسار ہوں شُبھ کرمی   ہوں ست ست نیشمنی دھرمی
کیول نہیں اُن کو کہیں بھی ڈر   جو ایشر کی لیں شرن پکڑ

بھجن نمبر ۱۲۳

راگ بھیروں۔ تال مغلئی

ہر جگہ موجود ہے وہ پر نظر آتا نہیں
یوگ سادھن کے بِنا اُس کو کوئی پاتا نہیں۔۱
مرنے اور جینے کے بندھن سے بری وہ ہے سدا
اُس کا کوئی زوج بیٹا اور پتا ماتا نہیں۔۲

گان وِدّیا سے اگر کچھ لابھ ہے مدِ نظر
پھر جگت سوامی کے تو گُن واد کیوں گاتا نہیں۔۴
جو جگت کرتا کی من سے آگیا ہے پالنا
کوئی بھی دُکھ درد اُس کو شکل دکھلاتا نہیں۔۴
راستی کو جس نے چھوڑا کجروی کی اختیار
منزلِ مقصود تک اُس کا قدم جاتا نہیں۔۵
مستحق کے حق دبا لینے کی عادت جس نے کی
کون ہے جو پیچ و تابِ غم سے گھبراتا نہیں۔۶
ہے سمجھ جن کو وہ اُن کو جانتے ہیں کم سمجھ
جو یہ کہتے ہیں کوئی کرموں کا پھل داتا نہیں۔۷
کچھ بھی پر اُپکار میں ہوتی نہیں تجھ سے مدد
حیف اپنے دل میں بھی تو عرفؔ شرماتا نہیں۔۸

بھجن نمبر ۱۴

راگ بھیروں۔ تال تین

کام کرودھ اور لوبھ موہ کو۔جو جن دور بھگاوے
اس میں کچھ سندیہ نہیں ہے۔موکش کی پدوی پاوے
بھوساگر کا کٹھن ہے ترنا۔ہر کوئی غوطے کھاوے
گیان کی بیڑی ست کی بلّی۔نشچے پار لنگھاوے
جب ایشور کی کرپا ہووے۔گیان نیتر کھل جاوے
کپٹ دمبھ کا دُھلے میل سب۔شُدھی من میں آوے
رات اندھیاری آندھی چلتی۔ڈگر ہاتھ نہیں آوے
اگوا اپنا کرو گیان کو۔جو تمہیں راہ بتاوے
ادھر اُدھر کیوں پھرے بھٹکتا۔کیوں من کو بھٹکاوے
جگت پتا پر نشچے ہو تو۔من اِستھر ہو جاوے
ایشور بھگتی کرے رات دن۔اُسی میں دھیان لگاوے

اُسی سے نِشدِن کرے یاچنا- من ہانگا پھل پاوے
ویدک دھرم گرہن کرے اور ویدک چلن بناوے
ایک ایشور کا رہے اُپاسک- تب وہ مکتی پاوے
ست کا سیون جو کوئی رکھے- شُدھ چِت ہو جاوے
اس کے بِنا نہیں چِت شُدھ ہو- کتنا ہی گنگا نہاوے
اَبھے امر جو ابناشی ہے- اُس سے پریت لگاوے
اُسی کا کیول رہے اُپاسک- اکھشے سُکھ کو پاوے

بھجن نمبر ۱۵

راگ بھیروں- تال تین

جھوٹھ کو جس نے تیاگ دیا اور ست کو مِتر بنایا
موکش کا مارگ اُسی نے نشچت مرت لوک میں پایا-۱
دُکھوں کا مارگ اُس نے پکڑا بُدھی رہین کہایا
جگت پِتا کی جگہ میں جس نے اور کو سیس نوایا-۲

بھجن نمبر ۱۷

راگنی ٹوڈی - جون مری ۔ تال جھپ

کیا جس نے پیدا یہ سنسار سارا
بھروسا اُسی پر ہے کیول ہمارا - ۱
اُسی سے مدد میں سدا چاہتا ہوں
سدا ڈھونڈتا ہوں اسی کا سہارا - ۲
اُسی کا جگت میں ہے سب جگمگاہٹ
اُسی کا سکل وِشو میں ہے پسارا - ۳
اہنکار اک زور ور پہلواں ہے
جو اس کو پچھاڑا تو جیتا اکھاڑا - ۴
جو من ہووے استھر رہے اپنے وش میں
تو سمجھو گیا آگ میں ٹھیر پارا - ۵
لیا وِشو سوامی کو پہچان جس نے

ملا موکش مارگ اُسے گیاں دوارا۔ ۶

نہ کیوں گیان پرکاش ہو اُس کے من میں

ہو گائتری منتر جس نے وچارا۔ ۷

مُنش کا جنم بھی جو بِرتھا گنوایا

تو جیتی ہوئی بازی تو اب ہارا۔ ۸

تیرا من ہی کیول تیرا شترو ہے

تیرے ہاتھ ہے کھیت جو من کو مارا۔ ۹

بھجن نمبر ۱۸

راگنی ٹوڈی۔جون مری۔تال جھپ

میرے من نے مجھ کو بہت ہی ستایا

کوسنگی کیا اور کُمارگ چلایا۔ ۱

مجھے جھوٹی باتوں سے بہکا کے اس نے

اَسَت کام میں وقت میرا گنوایا۔ ۲

بڑھائی رُچی کھوٹے کرموں میں میری
دیا مجھ کو دھوکا بھرم میں پھنسایا ۔ ۳

کرائی کبھی اس نے پتھّر کی پوجا
کبھی اس نے پیپل کبھی بڑ پوجایا ۔ ۴

کبھی مُکت پانے امرناتھ پہنچا
پہاڑوں کی چوٹی کے اوپر پھرایا ۔ ۵

کبھی وامیوں کی لگاوٹ سے اس نے
وِشے بھوگ کو موکش مارگ بتایا ۔ ۶

نیا روز دھوکا دیا مجھ کو اس نے
بگاڑا میرا کام اپنا بنایا ۔ ۷

کرائی کبھی لِنگ کی اس نے پوجا
کبھی دیوی کی پرتما کو پوجایا ۔ ۸

وہاں بکرا چڑھوایا کہکر اسی نے
مجھے جیو ہتّیا کا بھاگی بنایا ۔ ۹

اوِدّیا کے جنگل میں چکّر دلائے

ہر اِک کام اُلٹا ہی مجھ سے کرایا۔ ۱۰

بھیانک سُنائیں سدا اس نے باتیں

سدا اس نے جھُوٹا مجھے ڈر دکھایا۔ ۱۱

نہ جانے دیا سیدھے رستے پہ مجھ کو

مجھے وِدّوانوں میں مورکھ بنایا۔ ۱۲

کیئے اتنے جھگڑے بہت خاک چھانی

مگر شانتی کو کہیں بھی نہ پایا۔ ۱۳

غرض اس نے دھوکے سے رکھا بھرم میں

نہ کرنا تھا جو کچھ وہ مجھ سے کرایا۔ ۱۴

نہ مانونگا اب تو کبھی من کا کہنا

سمجھ کو میری اس نے بٹّا لگایا۔ ۱۵

کھُلے گیان چکشُو تو پھر ہر جگہ پر

جگت سوامی کا میں نے پرکاش پایا۔ ۱۶

نہیں کوئی کیول رہا مجھ کو سنشا
مجھے وید مارگ ہے اب ہاتھ آیا ۔ ۱۷

بھجن نمبر ۱۹

راگنی بھیرِدی ۔ تال تین

پالن کرتا دُکھ کا ہرتا سکل وِشو آدھارا
دُرگن ناشک گیان پرکاشک مُکتی دینے ہارا ۔ ۱

دُشٹ جنوں کو دنڈ کا داتا شِشٹوں کو سکھدائی
رِشیوں مُنیوں وِدّیا وانوں بھگت جنوں کا پیارا ۔ ۲

نس اور ناڑی کے بندھن میں کبھی نہیں وہ آتا
ہر کھ شوک اور جنم مرن سے سدا رہے وہ نیارا ۔ ۳

سنکٹ ہرتا دیا کا ساگر مہابلی سُکھدایک
بُدھی اُس کی تھاہ نہ پاوے ہے وہ اگم اپارا ۔ ۴

چاروں دِشا میں نیچے اوپر اندر باہر ویاپک

گیان نیتر سے درشٹی گوچر اُس کا ہو چمکارا - ۵
نہیں کبھی وہ گربھ میں آوے نہیں وہ کایا دھارے
جو اس کا اوتار بتاوے وہ بُدھی کا مارا - ۶
سب کا سوامی انترجامی سدا ایک رس رہتا
کیول اُس کی کرپا ہی سے ہووے پار اُتارا - ۷

بھجن نمبر ۲۰

راگنی بھیروی اور جنگلا ملا ہوا - تال تین

برھم اور جیو کو واحد پدارتھ جو بتاتے ہیں
وہ بُدھی ہین دیوانے ہیں اُلٹے راہ جاتے ہیں - ۱
اگر وہ بن گیا ہے آپ ہی ہر چیز جڑ چیتن
تو پھر ہر عیب کا الزام خود اُس پر لگاتے ہیں - ۲
ٹھگی چوری دغا رشوت زنا اغلام بٹ ماری
سبھوں کا متہم اُس ذات اقدس کو بتاتے ہیں - ۳

یہ کہتے ہیں نہیں ہے جیو کرتا بھوگتا ہرگز
غضب کرتے ہیں بدکاری میں خلقت کو پھنساتے ہیں۔۴

بقول اُن کے برھم اگیانتا سے جیو کہلایا
تعجب ہے کہ ایشور کو بھی اگیانی بناتے ہیں ۔۵

ہزاروں شکل میں یہ عرف اُس کو منقسم کر کے
اگر پوچھو تو اُس کی وحدیت کو بھی گنواتے ہیں۔۶

بھجن نمبر ۲۱

راگنی بھیروی اور جنگلا ملا ہوا۔ تال تین

جو تینوں لوک کا سوامی ہے ہر وستو میں ویاپک ہے
بھگت وتسل پتت پاون ہے اور ادھمو دھارک ہے ۔۱

اُسی کے گیان سے آنند اکھنڈ سب کو ملتا ہے
دیا ساگر دیامے ہے وہ بھگتوں کا سہایک ہے ۔۲

وہ نیایادھیش ہے انیاء کاری ڈنڈ پاتے ہیں

جوست کاری ہیں ست وکتا ہیں اُن کو موکش دایک ہے ۳
اور وِردھ ویدوں سے جو پستک ہے دھوکا دینے والی ہے
یتھارتھ سے ہے کوسوں دور روچک یا بھیانک ہے ۔ ۴
یتھارتھ گیان جن کو ہے وہی ہیں موکش کے بھاگی
اسی سے سنشا جاتا ہے یہی بس دُکھ نوارک ہے ۔ ۵
کوکرمی دُشٹ جوجن ہیں اُنہیں کو دُکھ وہ دیتا ہے
سوکرمی وید انویائی جنوں کو سُکھ پرایک ہے ۔ ۶
ہرایک کو چاہیے دن بھر ہے بھگتی کے سادھن میں
کہ وہ بھگتوں کا رکھشک اور بھگتی ارتھ سادھک ہے ۔ ۷
سوا اس کے جو پوجا اور کی جائز بتاتے ہیں
وہ کم فہموں کی نادانوں کی بک بک اور جھک جھک ہے ۸
کسی پر مت بھروسا کر اُسی سے لو لگا کیول
اُسی کو موکھش پد ملتا ہے جو اُس کا اُپاسک ہے ۔ ۹

بھجن نمبر ۲۲

راگنی سارنگ بندرابنی ۔ تال تین

ٹیک ۔ تم شرن پربھو کی آؤ ۔

دھیرج من میں اپنے دھارو ۔ من چنچل ٹھہراؤ ۔
سارے جگت کا جو سوامی ہے ۔ اُس سے پریت لگاؤ ۔ ۱
ایک اُسی پر نشچے رکھو ۔ مت من کو بھرماؤ ۔
ہردے نگر میں کرو کھوجنا ۔ مت کہیں آؤ جاؤ ۔ ۲
کام کرودھ اور لوبھ موہ میں ۔ چت مت کبھی پھنساؤ
سچے بھگت بنو ایشور کے ۔ آرتھتو کو پاؤ ۔ ۳
وشئے بھوگ سے بچے رہو سب ۔ اندریاں وش میں لاؤ
ست وادی ست کاری ہو کر ۔ ست وکتا بن جاؤ ۔ ۴
گائتری کو ارتھ سہت پڑھ ۔ من کا پریم بڑھاؤ
یوگ ابھیاس کا سادھن کر کے ۔ جیون مکتی پاؤ ۔ ۵

دیر بھاؤ کو من سے تیاگو۔ سب کو متر بناؤ
کیول سکھ جو پایا چاہو۔ گُن ایشور کے گاؤ۔ ۶

بھجن نمبر ۲۳

راگنی بلہ ھنس تال ٹھین۔ ٹھیک۔ بھائی مت برتھا عمر گنوا رے
دیوی دیوتا پھرے پوجتا۔ اُن میں کیا رکھا رے
جو چاہے پر لوک سُدھارا۔ شرن پربھو کی آ رے۔ ۱
پتھر اینٹ کو سیس نوا کر۔ مت من کو بھٹکا رے
ایک ایشر کی ہو شرناگت۔ ادھر ادھر مت جا رے ۲
اپنا کارج آپ بگاڑا۔ تجھ کو ہو گیا کیا رے
سمجھائے بھی نہیں سمجھتا۔ کیوں انجان ہوا رے۔ ۳
بگلا بھگت بہت جن پھرتے۔ اپسوارتھ کے مارے
کیوں اُن کی تو بات مان کر۔ بدھی ہین بنا رے۔ ۴
راگ دُویش سے ہو کر نیارا۔ گُن ایشور کے گا رے
سب جھگڑوں کو چھوڑ کے کیول۔ ہر سے پریت لگا رے۔ ۵

بھجن نمبر ۲۴

راگنی جنگلا یعنی ضلع - تال چار

اوم کا ارتھ وچار یہی ہے پورن بھگتائی

رشی منین کی یہی سدا سے ریت چلی آئی - ۱

بنے رہیں بل ہین رین دن یتن کرو بھاری

کام کرودھ اور لوبھ موہ ہیں شترو دکھدائی - ۲

کپٹ دمبھ سے بچو ویر مت کرو کسی سے بھی

جھوٹ کو دو سب تیاگ ست کے رتبر بنو بھائی - ۳

پر اپکاری بنو چھوڑ دو اپسوارتھ من سے

سدھریں بگڑے کام بڑی پرتشٹھا ہو جائی - ۴

ان نئے متوں کے سبب یہاں پر پھوٹ بھاؤ پھیلا

سر کیوں نہیں جاویں پھوٹ پھوٹ کے میوہ جب کھائی ۵

جڑ وستو کو سیس نوا کر مکت مانگتے ہیں

سمجھو سوچ وچار کرو کیا مورکھتا چھائی - ۶
کہیں کان سے کرن ناک سے ناسکیت جنما
اُن کو سچ لیا مان گئی کہاں اُن کی چترائی - ۷
شری وشنو بنے بدن کو اپنے دغوایا
داغ چیلے کو لگا گرو کے نقدی ہاتھ آئی - ۸
کان میں ماری پھونک گرو نے چیلہ مونڈ لیا
نقد دکھشنا ملی ٹھگّی کیا اچھی پھیلائی - ۹
مُوڑھ کہیں یہ بات جنم پرمیشور نے پایا
سب کا جو ہے پتا پُتر وہ کیسے بن جائی - ۱۰
اک بڑا اچمبھا اور اس میں ہے کیول من میں سوچ
ہر وشنُو کا ویاپک کیونکر ہو گیا یک جائی - ۱۱

بھجن نمبر ۲۵

راگنی جنگلا یعنی ضلع - تال تین

جڑ چیتن کا سوامی جو ہے جگت کا جو آدھار

اُسی کے سب بل بنو اُپاسی ہے یہ وید انوسار - ۱
اجر امر ابناشی ہے وہ ہے آنند سروپ
سب کے من کا انتریامی سب کچھ جانن ہار - ۲
ست چت آنند روپ ہے ویاپک سب کے بیچ
بھگتی جس کی بھوساگر سے دیوے پار اُتار - ۳
مہابلی اور بل کا داتا نراکار نردیو
اوم اور پرنو اُسکے نام ہیں اُن کا کرو بچار - ۴
نہیں جنمے نہیں مرے کبھی وہ نہیں گربھ میں آوے
نہیں ہے گھٹے نہیں بڑھے کبھی وہ سدا رہے ایکسار - ۵
سچا نیایا دھیش وہی ہے پکشپات سے دور
وہاں سفارش کبھی کسی کی نہیں ہوتی درکار ۶
بُدھی رسنا کھتن میں جس کے دونو بھئے اشکت
مہاں کا اس کے بل نہیں سکتا کبھی وار اور پار - ۷
اُس کے بنا کوئی نہیں سہایک کٹھن سمے جب آئے

سُکھ پایا جو چاہے کیول بھج اسے بارم بار - ۸

بھجن نمبر ۲۶

راگنی جنگلہ یعنی ضلع - تال تین

من مورکھ کو سمجھ نہ آوے برتھا اپنی عمر گنواوے - ۱
گنگا نہائے مانے مُکتی جان بُوجھ کر غوطے کھاوے
کہاں تلک کہوں بُدھی ہینا جڑ وستو کو سیس نواوے
سب سے بڑھکر یہ چترائی ایشور کا اوتار بناوے
پتنی کا اُن کے سوانگ بنا کر بھری سبھا میں ناچ نچاوے
بھرم میں بھُولا پھرے بھٹکتا جہاں جاوے وہاں ٹکر کھاوے
سارے جگت کا جو ہے سوامی اُس سے کیوں نہیں پریت لگاوے
من کو یوگ بہ ہے اتی مگن ہو گُن ایشور کے پریم سے گاوے
کیول تتو گیان کو سمجھے
تب من میں کچھ شانتی آوے

بھجن نمبر ۲۷

راگنی جنگلہ یعنی ضلع۔ تال تین

پرم اوجاگر وِدّیا ساگر دیا وان سُکھ داتا
وہی وِشو کا رچنے والا وہی پتا وہی ماتا
اَبھے امر اور اجر انوپم جگت کا آدی کارن
سارے جگت کو اُسی نے رچکر کیا ہُوا ہے دھارن
پاپ پُن کے پھل کا داتا چھوٹے بڑے کا سوامی
گیان وان اور نیاۓ کا کرتا سب کا انتریامی
سب سے بڑا اور سب سے سوکھشم جنم مرن سے نیارا
اپرم پار ہے اُس کی مہماں ہے وہ پوج ہمارا
جل وایُو اور اگنی آدی پانچوں تت میں ویاپک
جگت اودھارک پرم سہایک بھگتوں کو سُکھدایک
بھُوت بھوِشّت ورتمان کے کرموں کا وہ گیاتا

نشچل اور رنر دوش سدا ہے شوک پاس نہیں آتا
تینوں کال ایک رس رہنا گھاٹ باڈ نہیں کائی
چیتن ماتر روپ ہے جس کا ادبھت ہے پربھائی
جو کوئی اُس کا دھیان دھرے اور اس کی جہاں گاوے
سب دُکھوں سے چھوٹ جائے اور اکھنڈ سکھ وہ پاوے
ست مانی ست کاری بن کر کپٹ دمبھ کو تیاگو
سوچ سمجھ کر کام کرو اور چھلی جنتوُں سے بھاگو
جو چاہو پرلوک سدھارا شرن اُسی کی آؤ
کیول اُسی کا آشرا پکڑ و مت من کو بھرماؤ

بھجن نمبر ۲۸

راگنی کانہڑا۔ تال تین

جس نے برھمانڈ یہ رچا ہے ہر وستو میں وہ رما ہوا ہے
پھلواڑی لگائی ہے یہ جس نے جس سے یہ باغ پُر فضا ہے

غنچہ ہا اُس کی کارسازی — ہر برگ اُسے بتا رہا ہے
شاخ ہے اُسکی شاخِ حکمت — ہر پھول میں مثلِ بو چھپا ہے
بیج میں نخل نخل میں بیج — سوچو تو عجیب ماجرا ہے
صنعت کا اُسی کی ہے نمونہ — جو کچھ کہ تمہیں یہ دیکھنا ہے
نور نظر میں ہے سمایا — پرکاش اُسی کی شکتی کا ہے
یں ہیں جو ناک پتھروں سے — یہ بُدھی کی اُن کی ہینتا ہے
وں سے مراد مانگتے ہیں — بے سمجھی نہیں تو اور کیا ہے
شور کا جنم بھی ہیں بناتے — اگیان سمجھ میں آ گُھسا ہے
غرضوں کی چالبازیوں نے — مورکھ سب کو بنا دیا ہے
اُس کی وہ بارگاہ عالی — سرداروں کا جہاں سر جھکا ہے
چیز ہمیں ملی ہوئی ہے — یہ اس کی بڑی دیالتا ہے

مجھ کو نہیں کام اور سے ہے
کیول اُسی کا ہی آسرا ہے

بھجن نمبر ۲۹

راگنی کاہنڑا - تال تین

ادبھُت ہے جس کی پربھتائی　اُس سے پریت لگاؤ بھائی
دشوں دِشا میں کھنڈ رتو ؤنہیں　اُس کی برابر ویاپکتائی
تینوں اَوشتھا سے وہ نیارا　بال بِردھتا اور ترونائی
بڑے بڑے گُن والوں نے بھی　اُسکے گُنوں کی تھاہ نہ پائی
تینوں کال ایک رس رہتا　گھاٹ باڈ نہیں ہوتی بکائی
مہا بلی بل دینے والا　وِنے کرو اُسے سیس نوائی
گائتری کا کرو وچار　گیان کی تب ہو پورنتائی
یہ استوتر پڑھا کیول نے　گاؤ پریم بھاو سے بھائی

بھجن نمبر ۳۰

راگنی پیلو - تال چنچل

نِشدن سوچ یہی ہے بھاری　بِرتھا عمر گنوائی ساری

وِشے بھوگ میں من لپٹایا — انت سمے کا دھیان نہ آیا
اب بھی چاہو یدی بھلائی — اوم کا ارتھ وچارو بھائی
چال چلن کرو وید انکول — اپسوارتھ کو جاؤ بھول
ایشور آگیا پالن کیجے — ہر بھگتی میں من کو دیجے
ہر بھگتوں سے پریم بڑھاؤ — وَیر بھاو سے چِت ہٹاؤ
اِدھر اُدھر مت بھرمو بھائی — دُور بھگاؤ مورکھتائی
یوگ ابھیاس کا کیجے سیون — تن من کرکے ایشور ارپن
نرمل بُدھی جب ہو جاوے — تب اِستھرتا من میں آوے
چنچلتا جب من کی جاوے — آتم وِدّیا سمجھ میں آوے
گیان سے ہو پرکاشت بُدھی — من کے اندر آوے شُدھی
کیول کر پرمیشور بھگتی — جس سے بڑھے گیان کی شکتی

بھجن نمبر ۱۴۱

راگنی پیلو۔ تال تین

بنو آریہ وید مت پر چلو — رہو بے دھڑک مت کسی سے ڈرو

اوِدّیا کرو ناش وِدّیا پڑھو۔ پرم دان وِدّیا کا لو اور دو
چلن وید انکول اپنا کرو۔ خوشی سے رہو اور پھولو پھلو
کرو یوگ اور یوگیوں سے ملو۔ پرم دھام مُکتی کے بھاگی بنو
پر اُپکار ہی میں لگا رکھو من۔ پر اپکار کر کے ہو من میں مگن
نہ ہو ویر بُدھی کسی سے کبھی۔ رہے من میں ویاپک سدا شانتی
میٹھے کے کُھلیں گیان چکشو اگر۔ تو پرکاش اُس کا ہو نور نظر
بری سے ڈرو اور کرو کام نیک۔ کہ نیکوں کا ہوتا ہے انجام نیک
جو ویدوں کے انکول ہو چال ڈھال۔ نہ بد خواہی کی ہو کسی کو مجال
جو رہنا ہے منظور آرام سے۔ تو بھاگو ہمیشہ بُرے کام سے
جنہیں ایک ایشور کا ہے آشرا۔ نہیں ان کو ڈر ہے کہیں بھی ذرا
وہ نیکوں کو نیکی کا پھل دیتا ہے۔ بدوں کو سزائے عمل دیتا ہے

وہی وِشو کا کیول آدھار ہے

اسی کو ہمارا نمسکار ہے

بھجن نمبر ۳۲

راگنی بھوپالی۔ تال دادرا

وِشو پتی کے دھیان میں جس نے لگائی ہو لگن
کیونکر ہو اُس کو شانتی کیوں نہو اس کا من مگن۔ ۱

کام کرودھ لوبھ موہ شترو ہیں سب مہا بلی
ان کے ہنن کے واسطے جتنا ہو تجھ سے کر یتن ۲

ایسا بنا سبھاؤ کو چت کی شانتی سے تو
پیدا نہ ایرکھا کی آنچ دل میں کرے کہیں جلن ۳

متر تا سب سے من میں رکھ تیاگ کے ویر بھاؤ کو
چھوڑ دے ٹیڑھی چال کو ٹھیک کر اپنا تو چلن۔ ۴

جس سے ادھک نہ ہے کوئی جس نے رچا ہے یہ جگت
اُس کا ہی رکھ تو آسرا اُس کی ہی تو پکڑ شرن ۵

چھوڑ کے راگ دوَیش کو من میں تو اُس کا دھیان کر

تجھ پہ دیال ہووینگے نشچے ہے یہ پرماتمن۔ ۶

جیسا کسی کا ہو عمل ویسا ہی پاتا ہے وہ پھل
دُشٹوں کو کشٹ ملتا ہے سنتوں کا ہوتا دکھ ہرن ۔ ۷

آپ دَیا سروپ ہیں آپ ہی کا ہے آشرا
کرپا درشٹی کیجئے مجھ پہ ہو وقت جب کٹھن ۔ ۸

من میں ہو میرے چاندنا موکھش کا راستہ ملے
مار کے من جو کیولا اندریوں کو کرے دمن ۔ ۹

بھجن نمبر ۲۳

راگنی سورٹھ ۔ تال چنچل

موکھش کا سمبھو ہے کیول گیان سے
ہے یہ نشچت وید کے پرمان سے ۔ ۱

گیانی وہ ہوتے ہیں جن کو ہو پریم
وِدّیا کے پڑھنے سے وِدّیاوان سے ۔ ۲

یا وچاریں اوم کے ارتھوں کو وہ
یا رہیں سُنتے گُن اُس کے کان سے۔۳

دھرم ہی سے ہوتا ہے جیون سپھل
دھرم کو جانو پیارا جان سے۔۴

مورتی میں پران کیونکر پڑ سکیں
جڑ بنا کب جا سکے پاشان سے۔۵

یگ ہون دھرم اور کرم ہیں رائگاں
مُکتی مل جاتی ہے گر اشنان سے۔۶

مُورکھوں کی ہے بہت سنگت بُری
چاہیے ست سنگ وِدّیا وان سے۔۷

ست وکتا ست کاری جو ہیں جن
رہتے ہیں پورن وہی دھن دھان سے۔۸

ست پرکاشت رہے من میں میرے
چاہتا کیول ہوں یہ بھگوان سے۔۹

بھجن نمبر ۴۳

راگنی کوسیا۔ تال تین

لیا وید کا مارگ جب سے پکڑ۔ کیا شانتی نے میرے من میں گھر
سب وسوسے من کے دور ہوئے۔ پرکاش ہؤا من کے اندر ۔ ۱
ست سنگ کے ساگر ہیں۔ جب سے ست بانی ہو اشنان کیا
جو مَیل تھا من کا دھویا گیا۔ سب شُدھ ہؤا اندر باہر۔ ۲
جب نِرمل اپنی بُدھی ہوئی۔ اگیان کا پردہ دور ہؤا
جو گھٹ گھٹ اندر ویاپک ہے۔ وہ آنے لگا ہردے میں نظر ۔ ۳
کیوں بھرم میں بھولا پھرتا ہے۔ یہ من میں اپنے نشچے رکھ
ہیں آسرے ایشور کے جو جن۔ نہیں اُن کو کسیکا کہیں بھی ڈر۔ ۴
جو مُکتی کا سُکھ چاہے ہے۔ تو وید ورودھ کاموں سے بچ
ست وکتا ہو ست مانی ہو۔ گُن ایشور کے گا آٹھ پہر۔ ۵
جو ایشور سے نہیں ڈرتے ہیں۔ اور پاپ کرم کو کرتے ہیں

دُکھ والی جونیں پاتے ہیں۔ وہ بڑے گھوں سے مر مر کر۔۶
جو کرتا ہے سب لوکوں کا۔ ہے ہردے میں موجود سدا
پھر اُسکے ملنے کی خاطر۔ کیوں پھرتے ہو تم اِدھر اُدھر۔۷
وہ موکھش کی پدوی دیتا ہے۔ بھگتوں کو اپنی کرپا سے
شُبھ جیون اُس کا ہے کیول۔ جو بھگتی میں اُس کی ہو تتپر۔۸

بھجن نمبر ۳۵

راگنی اساوری۔ تال تین

ٹیک۔ جو جن جگت پتی کو دھیاوے۔ من مانگا پھل پاوے
وِدوانوں میں جو کوئی چاہے۔ اپنا مان بڑھاوے
ست وِدّیا کو پورن پڑھ کر۔ ست اپدیش سناوے۔۱
یم نیم کا پالن کرکے ۔ ہر سے پریت لگاوے
سُکھ کی ورکھا اُس کے اوپر۔ پھر ایشور برساوے۔۲
وَیر بھاو کو من سے تیاگے۔ سب کو مِتر بناوے

بچار ہے ہنسا سے رِنشدن - سُکھ سمپت گھر آوے - ۳
دیا کو من میں اپنے دھارے - سہن شیل ہو جاوے
نیرٹے اُسکے کسی جگہ پر - کبھی دُکھ نہیں آوے - ۴
شُبھ کرموں میں تتپر ہووے - کپٹ کو دور بھگاوے
گائتری کا ارتھ وچارے - گُن ایشور کے گاوے - ۵
پرانایام کا سادھن کرکے - من اپنا ٹھیراوے
کیول ایک ایشور کو پوجے - مُکتی پد کو پاوے - ۶

بھجن نمبر ۳۶

راگنی پہاڑی جھنجوٹی - تال تین

رِنشدن کرو ایشور کا دھیان ، جس سے تمہارا ہو کلیان
ست وِدّیا کا ہو پرکاش من میں سے بھاگے اگیان
جتنا ہوسکے وِدّیا سیکھو وِدوانوں میں پاؤ مان
جتنا دان دو بڑھتی جاوے وِدّیا کا اشچرج ہے دان

آسرا جو پربھو کا رکھے	جیون سپھل اُس ہی کا جان
تو ہے ماتا پِتا ہم سب کا	ہم تیری سب ہیں سنتان
من میں اُپجے تیری پریتی	ایسا انوگرہ کر بھگوان
کیول اسمیں مت من باندھ	یہ دُنیا ہے سُپن سمان

لہو

بھجن نمبر ۳۷

راگنی تال

ٹیک۔ اوم کا ارتھ وچارو بھائی

تم اوم کا ارتھ وچارو

اندریاں اپنے وش میں راکھو من کو اپنے مارو

اہنکار سے بچے رہو یہ شترو ہے اتی بھارو۔ ۱

کامی کرودھی لوبھی جنوں سے رکھو آپ کو نیارو

کٹھن سمے میں سہن شیل رہو دھیرج من میں دھارو۔ ۲

بھارت دیش کی بگڑی ہوئی ہے کرکے یتن سنوارو

پراُپکار پر دِڑھتائی سے تن من اپنا وارو-۳
گیان اُپلبدھی ہِردے میں جب کرنے لگے اُجیارو
بوریا بدھنا باندھے اِوِدّیا بھاگ جائے اندھیارو-۴
جگت پِتا کا من سے سمرن مت تم کبھی بسارو
سُنیا چرن سے رہکر نِشدن دونو لوک سدھارو-۵
چھوٹے بڑے کا جو سوامی ہے جگت کا رچنے ہارو
اُسی کی کیول شرن پکڑ کر اپنا جنم سنوارو-۶

بھجن نمبر ۳۸

راگنی کالنگڑا-تال تین

ویدوکت چلن اپنا میرے مِتر بناؤ
جگدیش کے تم دھیان میں من اپنا لگاؤ-۱
دھرماتما جو پُرش ہیں سیوا کرو اُن کی
اور مُوڑھ جنوں کی کبھی سنگت میں نہ جاؤ-۲

من اپنا رکھو قابو میں اور اندریاں وش میں
بیہودہ خیالات کے نزدیک نہ آوٴ۔۳
شبھ کرموں میں تتپر رہو اور دھرم کے کرتا
ہیں جتنے بڑے کام انہیں دور بھگاوٴ۔۴
ایشور کے بنا اَور کی پوجا ہے بڑا پاپ
جڑ مورتی کے آگے کبھی سر نہ جھکاوٴ۔۵
بے سنت کے سیون کے نہیں شُدھ من ہوتا
مل مل بدن گنگا میں گو روز نہاوٴ۔۶
وہ کام کرو جس سے نہ دکھ پہنچے کسی کو
دن رات اپنے آپ کو ہنسا سے بچاوٴ۔۷
دنیا کے راگ دویش سے ہو کر کے علیحدہ
اب عرفؔ وشوناتھ سے تم پیار بڑھاوٴ۔۸

بھجن نمبر ۳۹

راگنی کالنگرا۔ تال تین

دُکھ اَوروں کو جو دیتا ہے سُکھ وہ نہیں پاتا
جس طرح رنگ مہندی کا وسمہ نہیں لاتا۔۱

سُکھ اَوروں کو پہنچانے میں جو رہتا ہے تتپر
سُپنے میں بھی دُکھ اُس کی نظر میں نہیں آتا۔۲

کیا اُس کی پربھتائی کتھن کر سکے رسنا
یہ بھید کبھی بُدھی سے سمجھا نہیں جاتا۔۳

گو دیکھ نہیں پڑتا پر استھول ہے اتنا
ہے جس کے اک دیش میں برھمانڈ سماتا۔۴

وہ بھگتوں کو رکھتا ہے سدا رکھشا میں اپنی
اور دُشٹ جنوں کے لئے ہے ڈنڈ کا داتا۔۵

اُس سے تو کوئی بھید چھپا رہ نہیں سکتا

کیوں کھوٹے کرم اپنے تو پھرتا ہے چھپاتا-۶
ہوں گیان کا پرکاش نہو ہردے میں اُس کے
گُن جو کوئی کبول رہے جگدیش کے گاتا-۷

بھجن نمبر ۴۰

راگنی دھناسری - تال چار

وہ دور کرو- کرودھ سے بچے رہو- چغلی کے نیڑے
کبھی بھول کر نہ آئیے-۱
نکار بُری بلا- اس سے رہو الگ سدا- سارے بُرے کاموں
کو دور ہی بھگائیے - ۲
ل اور کپٹ تیاگو- متھیا بھاشن سے بھاگو- سنت کو گرہن
کرکے ایشور شرن آئیے -۳
ل کہے بار بار- کرتے رہو پر اُپکار- مُکت ہوا چاہو
تو ایشور کے گُن گائیے

بھجن نمبر ۱۴۱

راگنی بہاگ، تال تین

تیاگیگا جو اُست کو سکھ وُہی پاویگا
ستیاچرن ہی موکھش کی پدوی دلاویگا۔۱
جتنے ہیں پاپ جھوٹ ہے سب کا پتا جہا
جو اس کا یار ہوگا دہا دُکھ اٹھاویگا۔۲
سیدھا نرک پوری کو یہاں سے سدھاریگا
ایشور کی جگہ اَور جو سر جھکاویگا۔۳
آواگون کے دُکھوں سے چھوٹیگا بس وہی
جگدیش کے پریم میں جو لو لگاویگا۔۴
انتہ کرن کی شُدھی کا بھاگی بنیگا وہ
ستیا چرن کی گنگا میں جو جن نہاویگا۔۵
ایشور سمجھ کے پُوجیگا جڑ مورتی کو جو

جڑ روپ اپنی بُدھی کو نشچے بناویگا - ۶
بیجا کسی کو جو کوئی کلپاویگا یہاں
یہ یاد رہے وہ بھی کبھی کل نہ پاویگا - ۷
جو نیک کام کرنا ہے کرلے وہ آج ہی
گزرا ہؤا نہ وقت کبھی ہاتھ آویگا - ۸
پرلوک کو سُدھاریگا اِس لوک میں نہ جو
آخر وہ اپنے حال پہ افسوس کھاویگا - ۹
سنبدھی چھوڑ دینگے تیرا ساتھ وقتِ مرگ
کیول ہے ایک دھرم ہی جو ساتھ جاویگا - ۱۰

بھجن نمبر ۴۲

راگنی تال

جو من کے نشچے سے ایشور شرن میں آتا ہے
وہ مرنے جینے کے دُکھوں سے چھوٹ جاتا ہے - ۱

جگت پتا کے جو ارپن کرے ہے تن من دھن

منورتھ اپنے وہ دونو جہان میں پاتا ہے۔۲

جو لوبھ موہ اہنکار چھوڑ دیتا ہے

کلیش کوئی بھی اُس کو نہ مُنہ دکھاتا ہے۔۳

سُنایا جاتا ہے ایشور کی وہ وِوستھا سے

کسی کو جب کوئی بے واسطے سَتاتا ہے۔۴

جو دُنیا دُکھ کا ساگر ہے گیان کشتی ہے

جو لیوے ست کی بلّی وہ پار جاتا ہے۔۵

اُسی نے اپنا کیا ہے سپھل یہاں جیون

جو من کے ویگ سے ایشور گُنوں کو گاتا ہے۔۶

جگت کو رچ کے ہے جس نے کیا ہُوا دھارن

وہ بے سمجھ ہے جو اُس کا جنم بتاتا ہے۔۷

نہ اُس کی شکل ہے کوئی نہ جسم ہے اُس کا

کبھی گربھ میں کسی کے نہیں وہ آتا ہے۔۸

کبھی شریر کو دھارن کیا نہیں اُس نے
نہ اُس کا کوئی پِتا ہے نہ اُس کی ماتا ہے۔ ۹
انو انو میں وہ ویاپک ہے سبکا ہے آدھار
ہر ایک لوک کو محور پہ وہ گھماتا ہے۔ ۱۰
انرتھ کرتا ہے کیول جو غیر کے آگے
برھم جان کے پوجا کو سر جُھکاتا ہے۔ ۱۱

بھجن نمبر ۳۴

راگنی بھاگ۔ تال چار

کیا پیدا جس نے جہان ہے۔ وہ مہان سے بھی مہان ہے
نہ وہ بال برِدھ جوان ہے وہ پران کا بھی پران ہے۔ ۱
نہ جنم دھرے نہ وہ دُکھ بھرے نہ وہ روگی نہ کبھی مرے
اُسے ڈھونڈو جہاں وہ وہیں ملے نہیں رہنے کا خاص مکان ہے۔ ۲
کوئی رنگ ہے اُسکا نہ روپ ہے وہ سدا سے گیان سروپ ہے

وہی ایک سب سے انوپ ہے نہیں کوئی اس کی سمان ہے۔۳
وہ اجر امر ہے وہ ہے اَکھے وہ ابھید ہے وہ اچھید ہے
نہیں شبد سپرش کا وہ وشے نہیں آنکھ اُس کی نہ کان ہے ۴
نہیں خالی اُس سے ہے کوئی جا نہیں حال اُس سے ہے کچھ چھپا
وہ ہر ایک بھید کو جانتا اُسے تینوں کال کا گیان ہے۔۵
وہ ہر ایک وستو میں ہے رما وہی دینے والا ہے موکھش کا
کر اُسی کی کیول اُپاسنا وہی سارے وِشو کی جان ہے ۶

بھجن نمبر ۴۴

راگنی تال

جو جگت کرتا ہے بھائی ہے ادبھت اُس کی پربھتائی
نہیں رسنا سے برنی جائے اور بدھی کٹھن سے گھبرائی۔۱
جو تینوں لوک کا سوامی ہے وہ سب کا انتریامی ہے
پرلوک سُدھارا چاہو ہو تو اُس کی شرن لو شرنائی ۔۲

نہیں کوئی برابر ہے جسکی میں اُس سے اُپماں دوں کس کی
یہاں جتنے پدارتھ اُتم ہیں ہے سب میں اُسے اُتمتائی ۔۳
یہاں دُشٹ کرم جو کرتے ہیں دُکھ پا پا کر وہ مرتے ہیں
جو ستیاچرن سے رہتے ہیں ہے اُن کے لیئے وہ سُکھدائی ۔۴
نہیں ہوتی معافی بدیوں کی نہیں چلتی سفارش نبیوں کی
وہ نیایا دھیش جگت کا ہے ہیں ڈنڈ نئے سب انیائی ۔۵
نہیں نہانے سے کچھ ہوتا ہے کیوں جنم اکارتھ کھوتا ہے
بس موکھش کا مارگ دُنیا میں ہے کیول اُس کی بھگتائی ۔۶

بھجن نمبر ۴۵

راگنی تال

اب تو تیاگ نندرا کو مُورکھ بہت رہا تو سویا
کبھی نہیں پرمیشور سمرا سمے اکارتھ کھویا ۔۱
سدا رہا پتھر پوجا میں اُن کو مل مل دھویا

بُدھی کو اپنی آپ اوِدّیا ساگر بیچ ڈبویا۔ ۲
